SECURITIES & EXCHANGE COMMISSION OF PAKISTAN

**PRESS RELEASE**

For immediate release

September 9, 2021

گورنر اسٹیٹ بینک نے ایس ای سی پی میں سٹیٹ آف دی آرٹ بزنس سینٹر کا افتتاح کر دیا

اسلام آباد (ستمبر 9): گورنر اسٹیٹ بینک آف پاکستان ڈاکٹر رضا باقر نے کہا کہ سکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان ملک میں کاروبار دوست ماحول فراہم کرنے کے لئے اہم کردار ادا کر رہا ہے۔ گورنر اسٹیٹ بینک آف پاکستان (ایس بی پی) ڈاکٹر رضا باقر نے سکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان کے صدر دفتر کا دورہ کیا جہاں انہوں نے ایس ای سی پی کے 'ہاکس ٹریننگ پروگرام' کے پہلے بیچ کی گریجویشن تقریب سے خطاب کیا۔

گورنر اسٹیٹ بینک نے ایس ای سی پی کی جانب سے کمپنیوں کی رجسٹریشن کی تیز تر سہولت فراہم کرنے کے لئے قائم کئے گئے بزنس سینٹر کا افتتاح کیا۔ انہوں نے ایس ای سی پی کی جانب سے کمپنیوں کی رجسٹریشن کو سہل بنانے، ڈیجیٹلائزیشن اور مارکیٹ کے فروغ کے لئے کی جانے والی اصلاحات کی تعریف کی اور کہا کہ کاروبار شروع کرنے میں آسانی سے سرمایہ کاروں کے اعتماد میں اضافہ ہوا ہے۔

قبل ازیں، ایس ای سی پی کے چیئرمین عامر خان نے اپنے استقبالیہ خطاب کے دوران ہاکس گریجویٹس کو مبارکباد دی اور معیشت کو بحالی کی راہ پر گامزن کرنے میں گورنر سٹیٹ بینک کی کامیابیوں کو سراہا۔ انہوں نے کہا کہ ڈاکٹر باقر کی قیادت میں اسٹیٹ بینک نے روشن ڈیجیٹل اکاوئنٹ کی جدید سہولت فراہم کر کے دنیا بھر میں بسنے والے لاکھوں پاکستانیوں کو ہمارے مالیاتی نظام سے جوڑ دیا ہے۔

ہاکس پروگرام کے بارے میں بات کرتے ہوئے، چیئرمین ایس ای سی پی نے کہا کہ ہاکس پروگرام کا مقصد انٹری لیول پر میرٹ کے میکنزم کا نفاذ ہے، اور اس کا مقصد اعلیٰ (کوالیفائیڈ) تعلیمی اداروں سے انتہائی قابل اور باصلاحیت افراد کو تلاش کرنا اور ان کی خدمات حاصل کرنا ہے۔

Securities and Exchange Commission of Pakistan
NICL Building, 63 Jinnah Avenue, Islamabad
Tel: 051-9214005

Securities and Exchange Commission of Pakistan
NICL Building, 63 Jinnah Avenue, Islamabad
Tel: 051-9214005